INTERNATIONAL URDU WEEKLY
KHATME NUBUWWAT
KARACHI PAKISTAN

ہفت روزہ

ختم نبوۃ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ کا ترجمان

۲۵

۲۲ر تا ۲۸ر جمادی الثانی ۱۴۱۶ھ بمطابق ۱۷ر تا ۲۳ر نومبر ۱۹۹۵ء

قومی اسمبلی کا تاریخی فیصلہ

مسلمان ایک انقلابی قوم

ختم نبوت

ذکری عقائد آپ کی عدالت میں

دورِ جاہلیت اور دورِ اسلام (ایک تقابلی جائزہ)

آپ کے مسائل

مولانا مفتی منیر احمد اخون

سوال.....) ہم ایک نیم سرکاری ادارے میں ملازم ہیں' یہاں پر اکثر ملازمین صحیح طور پر اپنی اپنی ڈیوٹی سرانجام نہیں دیتے۔ جبکہ تنخواہ بمع اوور ٹائم پورا وصول کرتے ہیں۔ ملازمین کا یہ کہنا ہے کہ ادارے نے ہم سے جو (مراعات) دینے کے وعدے کئے ہیں۔ اس میں سے کچھ وعدے ادارہ پورے نہیں کررہاہے۔ اس لئے ہم بھی ڈیوٹی پورے طور پر سرانجام نہیں دے رہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ کچھ ڈیپارٹمنٹ ایسے ہیں جن میں شفٹوں میں کام ہوتا ہے۔ شفٹ کے ملازمین نے اپنے طور پر یہ طے کیا ہوا ہے مثلاً" چار آدمی ایک شفٹ میں ہوں اور ان میں سے دو ملازم ڈیوٹی پر پہنچ جاتے ہیں۔ دوسرے وقت بقایا دو ملازم ڈیوٹی پر پہنچ جاتے ہیں اور پہلے والے دو ملازم ڈیوٹی پر نہیں آتے اور حاضری پر پہنچ جاتے ہیں اور پہلے والے دو ملازم ڈیوٹی پر نہیں آتے اور حاضری چاروں ملازمین کی لکھ دی جاتی ہے۔ ان ملازمین کے آپس کے اس معاملے سے ادارے کا کام بھی نہیں رکتا اور ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ کو (جس کو ادارے نے منتخب کیا ہوا ہے)۔ بھی ان معاملات کا علم ہے۔

تیسری بات یہ ہے کچھ ملازمین جو کہ ڈیوٹی اور اوور ٹائم صحیح طور پر ادا کرتے ہیں ڈیپارٹمنٹ کا سربراہ ان کو اوور ٹائم کئے ہوئے سے زائد لکھ کر منظوری کے لئے افسران بالا کے پاس بھیج دیتے ہیں جو کہ لازماً" منظور ہوتا ہے۔

۱...) ایسے ملازمین کی تنخواہ بمع اوور ٹائم پورا وصول کرنا حلال ہے یا حرام؟

۲...) اگر ادارہ وعدہ خلافی کرے تو ملازمین کو ایسا کرنے کا حق ہے؟

۳...) ملازمین کا آپس میں معاملہ کرنا کیسا ہے؟

۴...) ملازمین کو زائد اوور ٹائم کے روپے وصول کرنا کیساہے؟

فضل غنی پاپوش نگر کراچی

جواب.....۱) عام طور پر سرکاری و غیر سرکاری محکمہ جات میں ملازمت اجیر خاص کی حیثیت سے ہوتی ہے' اجیر خاص وہ ملازم جو طے کردہ مقررہ اوقات میں حاضری کا پابند ہو اور ان اوقات میں کسی غیر متعلق کام میں مشغول ہونے کا مجاز نہ ہو چنانچہ وہ ملازمین جو اپنے فرض منصبی کو عمداً" صحیح نہیں بجالاتے اور اس کی ادائیگی میں کوتاہی کرتے ہیں وہ شرعاً" اور قانوناً" مجرم ہیں ان کی تنخواہ اور اوور ٹائم بھی مشکوک ہوجاتا ہے۔

اس وعدہ خلافی پر ملازمین قانونی چارہ جوئی کرنے کے حق دار ہیں اور مطالبہ کا پورا پورا حق رکھتے ہیں مگر اس کے بدلہ میں اپنے فرض منصبی میں کوتاہی کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔

جواب.....۳) ملازمین کا یہ معاملہ ناجائز ہے کیونکہ یہ لوگ اجیر خاص ہیں' ان کا بنفس نفیس ڈیوٹی پر حاضر ہونا ضروری ہے ورنہ یہ تنخواہ کے قطعاً" مستحق نہیں ہیں۔

جواب.....۴) یہ زائد رقم ڈیوٹی اور اوور ٹائم صحیح طور پر ادا کرنے والوں کے لئے ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے انعام اور عطیہ ہے جو بالکل حلال ہے۔

i... کمافی الھندیۃ والاجیر الخاص الذی یستحق الاجر بتسلیم نفسہ فی المدۃ وان لم یعمل الخ (ص۳۱'۳)

وفی فتح القدیر اذا تعمد الفساد فیضمن بالتعدی کالمودع اذا تعدی الخ (ص۷۰'۸)

ii... اذا استوجروا لم یضمنوا لمن استاجرھم الا بما تعمدوا فیہ الخ (کمافی فتح القدیر ص۷۰'۸)

iii... کمافی فتح القدیر ای سلم نفسہ ولم یعمل مع التمکن اما اذا امتنع من العمل و مضت المدۃ او لم یتمکن من العمل ومضت المدۃ لم یستحق الاجر لانہ لم یوجد تسلیم النفس الخ (ص۶۸'۸)

iv... کمافی الحدیث من قتل قتیلا فلہ سبلہ' او کما قال علیہ الصلوٰۃ والسلام

سوال .....) ہمارے شہر کوئٹہ میں پیمنٹ کے نام سے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کا کاروبار ہوتا ہے' جس کا طریقہ کار یہ ہے کہ زید ایک گاڑی اسی ہزار کی خریدتا ہے اور وہی گاڑی ایک لاکھ روپے میں ایک سال کے ادھار پر بکر کو دیتا ہے اور بکر جسے پیسوں کی سخت ضرورت ہوتی ہے وہی گاڑی دوبارہ شوروم کے مالک کو پانچ ہزار کے نقصان پر اسی وقت فروخت کردیتا ہے۔

۱... یہ کاروبار جائز ہے یا سود؟

۲... اگر ناجائز ہے تو اس آدمی کے ساتھ کھانا کیسا ہے؟

جواب .....) اگر اس "پیمنٹ" نامی بیع میں فقہی تقاضوں کو پورا کیا جاتا ہے تو یہ طریق کار صحیح ہے' اس کی تفصیل یہ ہے کہ اولاً" زید اور بکر کے درمیان جو بیع ہوئی ہے وہ تام ہونی چاہئے اس طور پر کہ بکر اس گاڑی پر پورا قبضہ کرلے اور وہ گاڑی بکر کے ضمان میں داخل ہوجائے۔ اس کے بعد وہ شو روم کے مالک کو فروخت کرے کہ شو روم کا مالک اس پر مکمل قبضہ کرے تاکہ بیع مالم یقبض لازم نہ آئے۔ بہرکیف ادھار میں قیمت زیادہ لگانا اور نقد میں کم کرکے فروخت کرنا جائز ہے بشرطیکہ خریدار خرید ہوئی چیز پر پورا قبضہ کرکے آگے فروخت کرے ورنہ یہ بیع ناجائز ہے اور واجب الفسخ ہوگی۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

INTERNATIONAL URDU WEEKLY
KHATME NUBUWWAT
KARACHI PAKISTAN

ہفت روزہ ختم نبوة

۲۲ تا ۲۸ جمادی الثانی ۱۴۱۶ھ
بمطابق ۱۷ تا ۲۳ نومبر ۱۹۹۵ء

جلد نمبر ۱۴
شمارہ نمبر ۲۵

سرپرست
حضرت مولانا خواجہ خان محمد زید مجدہ

مدیر اعلیٰ
حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی

مدیر مسئول
عبدالرحمٰن باوا

مجلس ادارت
مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری ○ مولانا اللہ وسایا
مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر ○ مولانا منظور احمد حسینی
مولانا محمد جمیل خان ○ مولانا سعید احمد جلالپوری

مدیر
حسین احمد نجیب

سرکولیشن منیجر
عبداللہ ملک

قانونی مشیر
حشمت علی حبیب ایڈووکیٹ

ٹائیٹل و تزئین
ارشد دوست محمد

اس شمارے میں

اداریہ	۴
ذکری عقائد۔ آپ کی عدالت میں	۶
ختم نبوت	۹
دور جاہلیت اور دور اسلام۔ ایک تقابلی جائزہ	۱۳
مسلمان ایک انقلابی قوم	۱۶
اخبار ختم نبوت	۱۸
قومی اسمبلی کا تاریخی فیصلہ	۲۰

اندرون ملک چندہ
سالانہ ۱۵۰ روپے
ششماہی ۸۰
سہ ماہی ۴۵ روپے

بیرون ملک چندہ
امریکہ۔ کینیڈا۔ آسٹریلیا ۴۰ ڈالر ○ یورپ اور افریقہ ۳۵ ڈالر
○ متحدہ عرب امارات و انڈیا ۳۰ ڈالر
چیک یا ڈرافٹ بنام ہفت روزہ ختم نبوت — الائیڈ بینک بنوری ٹاؤن برانچ اکاؤنٹ نمبر ۳۴۳ کراچی پاکستان ارسال کریں

قیمت ۳ روپے

رابطہ دفتر
جامع مسجد باب الرحمت (ٹرسٹ) پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی
فون 7780337 فیکس 7780340

مرکزی دفتر
حضوری باغ روڈ ملتان فون نمبر 40978

LONDON OFFICE
35 STOCKWELL GREEN
LONDON SW9 9HZ U.K.
PHONE: 071-737-8199.

پبلشر: عبدالرحمٰن باوا | طابع: سید شاہد حسن | مطبع: القادر پرنٹنگ پریس | مقام اشاعت: ۱۰۳ بنوری ٹاؤن کراچی

اداریہ

علماء کا سفر آخرت .... مجالس علم کی ویرانی

گزشتہ دنوں اہل حق علماء کرام کے یکے بعد دیگرے اس دنیا سے تشریف لے جانے سے پوری اہلسنت والجماعت ایک صدمے اور غم کی کیفیت میں ہے۔ ایک بزرگ کا غم ہی سنبھلنے نہیں دیتا چہ جائیکہ کہ کئی بزرگوں کا بیک وقت رخصت ہو جائیں تو اس نقصان کا اندازہ وہی کر سکتا ہے جس کو خدانخواستہ کبھی ایسی صورت حال سے دوچار ہونا پڑے اللہ تعالیٰ ہر جماعت کو اس سے محفوظ فرمائے۔ قافلہ ختم نبوت کے امیر محدث العصر مولانا انور شاہ کشمیری سے امیر شریعت کا خطاب پانے والے عقیدہ ختم نبوت پر زندگی نچھاور کرنے والے حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے سب سے بڑے صاحبزادے اور جانشین مولانا سید عطاء المنعم اس دار فانی سے دار بقا کی طرف تشریف لے گئے۔ مولانا ابوذر اور ابو معاویہ کے نام سے معروف تھے گزشتہ کچھ عرصہ سے فالج کے مرض کی وجہ سے صاحب فراش تھے۔ لیکن اس بیماری کے باوجود صبر و تحمل اور شکر کی عملی تصویر تھے۔ کبھی زبان پر شکوہ نہیں آیا۔ خانوادہ امیر شریعت ہونا ہی کم اعزاز نہیں تھا اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بہت زیادہ خوبیوں سے نوازا تھا تقریر کے میدان میں آپ کو جو مقبولیت اور اثر انگیزی عطا فرمائی وہ بہت کم لوگوں کو حاصل تھی۔ بڑے بڑے اجتماعات میں جب آپ تقریر فرماتے تو مجمع جھوم اٹھتا حق گوئی کا وصف آپ کو خاندانی ورثہ کے طور پر عطا ہوا تھا۔ بڑے سے بڑا ظالم اور جابر حکمران بھی آپ کی حق گوئی کی راہ میں آڑے نہ آسکا اور آپ نے اس کو ببانگ دہل للکارا۔ جب آپ تقریر فرماتے تو الفاظ موتیوں کی لڑیوں کی طرح آپ کے سامنے دست بستہ صف باندھ لیتے۔ حق گوئی کے ساتھ خودداری بھی آپ کا خاندانی وصف تھا اگر آپ چاہتے تو امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری نور اللہ مرقدہ کے نام پر بہت کچھ دنیا کما سکتے تھے لیکن آپ نے کبھی والد محترم کی غیرت کا سودا نہیں کیا۔ فاقے تو برداشت کرلئے لیکن کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا گوارا نہیں کیا۔ اور نہ ہی والد کے نام پر کسی عہدہ کو قبول کیا۔ والد محترم کی طرف سے تربیت اور علمی شفقت کا جو ورثہ آپ کو ملا تھا اس کا حق ادا کرنے کی زندگی بھر کوشش کرتے رہے۔ مطالعے کا شوق آپ کو جنون کی حد تک تھا۔ ساری زندگی والد محترم کی جماعت مجلس احرار اسلام کی شمع کو روشن رکھا۔ نقیب ملت کے نام سے رسالہ جاری فرمایا جو کلمۃ الحق اور عقیدۂ ختم نبوت کے سلسلے میں قابل قدر خدمات انجام دے رہا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جانثار صحابہ کرام کی جماعت کی عظمت کا جذبہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو خصوصی طور پر عطا فرمایا تھا۔ کسی صحابی کی شان میں گستاخی کا شائبہ بھی آپ محسوس کرتے تو تعاقب میں لگ جاتے تھے اور منکرین عظمت صحابہ کے خلاف آپ نے مسلسل جہاد جاری رکھا۔ ایں خانہ ہمہ آفتاب کے مصداق آپ خاندان امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے وہ چشم و چراغ تھے جن کی خدمات تاریخ میں سنہری حرفوں سے لکھی جائیں گی اور قوم مدتوں آپ کے کارناموں کو مشعل راہ بنا کر کامیابی و کامرانی کے راستے پر گامزن رہے گی۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر مرکزیہ مولانا خواجہ خان محمد، امیر دوم مولانا محمد یوسف لدھیانوی اور مجلس تحفظ ختم نبوت کے ایک ایک کارکن کے لئے حضرت کی وفات ایک جانکاہ حادثہ اور عظیم صدمہ ہے۔ یہ سب لوگ خاندان امیر شریعت کے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ اس خاندان پر ہمیشہ اپنی رحمتیں نازل فرمائے اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت فرمائے۔

اس دنیا سے تشریف لے جانے والے دوسرے بزرگ محترم "مولانا محمد اشرف" ہیں جن کا اسم گرامی محتاج تعارف نہیں پشاور یونیورسٹی کے ملحدانہ اور بے دین ماحول کو جس طرح خانقاہ میں تبدیل کیا وہ حضرت مولانا محمد اشرف کی خدمات کی ادنیٰ جھلک اور سلسلہ تھانویہ کا وہ انقلابی صدقہ جاریہ ہے جس کے اثرات آئندہ نسلیں محسوس کریں گی۔ حضرت مولانا اشرف صاحب معروف معنوں میں مولانا نہیں تھے لیکن حکیم الامت مجدد ملت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ کی محبت حضرت علامہ سید سلیمان ندوی کی قربت اور حضرت مولانا فقیر محمد پشاوری کی توجہات اور محدث العصر سید محمد یوسف بنوری کی نوازشات نے مولانا بنا کر اہل علم کی صف اول

میں شامل کرلیا۔ مولانا محمد اشرف صاحب پشاور یونیورسٹی شعبہ عربی کے صدر کے منصب پر فائز تھے۔ آپ کا نچلا دھڑ معطل تھا دو تین خادموں کے اٹھائے بغیر آپ قطعی حرکت نہیں فرماسکتے تھے۔ لیکن یہ معذوری نہ آپ کو تصنیف و تالیف سے روک سکی اور نہ اصلاحی پروگراموں میں کوئی خلل آیا۔ آپ کا گھر خانقاہ کی حیثیت رکھتا تھا۔ جہاں آپ حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ، حضرت علامہ سید سلیمان ندوی رحمتہ اللہ علیہ، حضرت مولانا فقیر محمد صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے طریقہ کے مطابق نوجوانوں کی اصلاح و تزکیہ نفس کا فریضہ انجام دیتے تھے۔ بڑے بڑے پروفیسر حضرات نے آپ کی محبت کی برکت سے اپنی زندگیوں میں انقلابی اصلاح فرمائی آپ کے شعبہ عربی میں جاکر ایسا محسوس ہوتا تھا کہ کسی مدرسہ کے ماحول میں پہنچ گئے ہیں۔ تبلیغی جماعت میں بھی آپ نے بہت زیادہ حصہ لیا، معذوری کے باوجود تبلیغ کے لئے کئی اسفار فرمائے۔ علامہ سید سلیمان ندوی اور حضرت مولانا فقیر محمد صاحب سے آپ کو خلافت حاصل تھی۔ محدث العصر سید محمد یوسف بنوری رحمتہ اللہ علیہ سے آپ کا خصوصی تعلق تھا۔ کراچی جب تشریف لاتے حضرت بنوری کے یہاں مہمان ہونے کا شرف آپ کو ملتا۔ ماہنامہ بینات کے ذریعہ آپ نے اپنے بزرگوں کے افکار کو دنیا تک پہنچایا۔ "سلوک سلیمانی" میں آپ نے اپنے شیخ اور مربی علامہ سید سلیمان ندویؒ کے حالات زندگی کا احاطہ فرمایا ہے۔ پشاور میں آپ نے جامعہ امداد العلوم قائم فرمایا جو اس وقت صوبہ سرحد کے بڑے مدارس میں شامل ہے اور مولانا حسن جان جیسے شیخ الحدیث نے اسی مدرسہ کی زینت اور علمی اعتماد میں اضافہ کیا ہے۔ حضرت مولانا محمد اشرف کی اچانک رحلت سے ایک عظیم باب بند ہوگیا۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر مرکزیہ مولانا خواجہ خان محمد، امیر دوم مولانا محمد یوسف لدھیانوی اور دیگر ارکان مجلس کے لئے حضرت کی وفات ایک عظیم سانحہ ہے اللہ تعالیٰ حضرت کے درجات عالیہ بلند کرائے۔

تیسری شخصیت جس کو تواضع و انکساری کی عملی تصویر کہنا کوئی مبالغہ نہیں ندوۃ العلماء لکھنؤ کے سابق مہتمم اور شیخ الحدیث، جامعہ بنوری ٹاؤن کے استاذ حدیث، درجہ تخصص دعوت و ارشاد کے مشرف حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی کے خصوصی تربیت یافتہ حضرت ڈاکٹر عبدالحئی صاحب عارفیؒ کے خلیفہ محدث العصر مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ کے معتمد مولانا محمد اسحاق سندیلوی رحمتہ اللہ علیہ کی ہے۔ حضرت مولانا محمد اسحاق اس دور کی شخصیت نہیں تھے بلکہ وہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے دور کے آدمی تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جانثار صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی محبت و عقیدت ان کے دل میں اتنی راسخ تھی کہ وہ اس سلسلے میں کسی قسم کی لغزش تک کو ان کی طرف منسوب کرنے والے کو معاف کرنے کے لئے تیار نہیں تھے ان کے موقف کے مطابق صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بارے میں وسوسہ رکھنے والا مسلمان نہیں تھا اور وہ ایسے اس موقف کیتے دلائل دیا رکھا کرتے تھے اور علماء کرام کو اس کی تبلیغ بھی کرتے تھے۔ دار العلوم ندوۃ العلماء سے جب مولانا محمد اسحاق صاحب محدث العصر حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ کے حکم سے جامعہ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن تشریف لائے تو مولانا بنوری رحمتہ اللہ علیہ کی خوشی اور مسرت کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا۔ آپ نے بذات خود مولانا اسحاق صاحب کو مدرسہ کا معائنہ کروایا۔ اور اساتذہ کرام سے حضرت کا تعارف کراتے ہوئے جو الفاظ ادا کئے وہ مولانا محمد اسحاق صاحب کی عظمت کی دلیل تھے اسی پر اکتفا نہیں فرمایا بلکہ درج ذیل ادارتی نوٹ کو ماہنامہ بینات کے بصائر و عبر کا حصہ بناکر شامل فرمایا:

> مدرسہ عربیہ اسلامیہ میں کچھ عرصہ سے باضابطہ اور مستقل طور پر دار التصنیف کا شعبہ قائم کیا گیا ہے جس کا بنیادی مقصد دین اور علم دین کی اس انداز سے خدمت کرنا ہے جس کے ذریعہ عصری دینی و علمی تقاضے پورے ہوسکیں جس طرح تدریس کے ذریعہ علم و بینہ اسلامیہ عربیہ سے ایک "صالح عالم" عنصر تیار کرنا مقصود ہے اسی طرح تصنیف و تالیف کے ذریعہ جدید نسل کی ذہنی اور دینی تربیت مقصود ہے اس مقصد کے پیش نظر اس شعبہ کی صحیح خدمت کے لئے ایک ایسی شخصیت کی بھی ضرورت تھی جو بیک وقت عربی اردو انگریزی تینوں زبانوں کا صاحب علم ادیب ہو عرصہ سے یہ آرزو تھی۔ الحمد للہ کہ یہ آرزو پوری ہوگئی اور حضرت مولانا محمد اسحاق صاحب سندیلوی جو دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کے شیخ الحدیث اور مہتمم تھے وہ تشریف لائے اور اس شعبہ میں ہمارے رفیق کار بن گئے، موصوف الحمد للہ تینوں زبانوں میں مصنف ہیں اور پختہ کار کہنہ مشق فاضل ہیں علم و عمل سیرت و صورت سب میں ممتاز اور حکیم الامت قدس اللہ سرہ کے سلسلہ سے وابستہ ہیں سنجیدہ مفکر، سیاست دان، عالم ہیں زیادہ لکھنے سے قلم اس لئے رک رہا ہے کہ اب وہ ہمارے رفیق کار ہیں۔ ضرورت یہ چند کلمے لکھنے پڑے ہیں اس وقت علاوہ تصنیف و تالیف کے مولانا موصوف کو فقہ اسلامی کے تخصص کے طلبہ و رفقاء کی تربیت سپرد کردی گئی ہے تاکہ مدرسہ سے بھی رابطہ قائم رہے توقع ہے کہ اللہ کے فضل و کرم سے بہت جلد ان کے افادات قلمیہ کے جواہر ریزے امت کے سامنے پیش ہوں گے۔ حق تعالیٰ ہم سب کو اخلاص و حسن نیت اور صحیح جدوجہد کی توفیق عطا فرمائے۔ اس وقت اس شعبہ تصنیف میں احادیث نبویہ پر متعدد جہات سے ٹھوس علمی کام ہو رہے ہیں ان کی تفصیلات امت کے سامنے لانا یہ ہمارے مزاج کے خلاف ہے۔ حق تعالیٰ قبول فرمائے اور امت محمدیہ کو نفع پہنچائے یہ ناتمام اشارات ارباب بصیرت کے لئے ان شاء اللہ کافی ہیں ہماری آرزو یہ ہے کہ جو کام اس وقت کہیں نہ ہو رہا ہو وہ یہاں ہو جائے۔

حضرت مولانا اسحاق صاحب صرف عالم دین ہی نہیں بلکہ دنیا کے فتنوں سے باخبر ایک ایسی شخصیت تھے جو وقتاً فوقتاً علماء کرام کی رہنمائی فرماتے رہے۔ بہت سے ان فتنوں سے جو مستقبل میں اسلام کے لئے مشکلات اور عالم اسلام کے لئے مصیبت کا سبب بننے والے تھے مولانا محمد اسحاق صاحب نے انکی پہلے سے نشاندہی کرائی۔ اللہ تعالیٰ حضرت مولانا محمد اسحاق کے درجات عالم کو بلند فرمائے۔

ذکری عقائد

آپ کی عدالت میں

غلام یاسین گزگناڑی خارانی

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آٹھ کروڑ عوام' بالخصوص علماء کرام' مفتیان شرع عظام' وکلا' قانون دان' ملک کے تمام بالا حکام اور موجودہ حکومت کے سربراہ' وفاقی وزراء و اراکین مجلس شوریٰ' صوبائی وزراء' صوبائی گورنر و ارکان سیکریٹریٹ اس مسئلہ پر فوری توجہ فرمائیں کہ:

ہمارے ملک میں ایک فرقہ بنام "ذکری" موجود ہے یہ لوگ نماز' روزہ' حج' زکوۃ اور ختم نبوت کے منکر ہیں ان کی کتابوں اور قبرستان میں قبروں کے کتبوں پر کلمہ "لا الہ الا اللہ نور پاک نور محمد مہدی رسول اللہ" لکھا ہے۔ یہ لوگ اٹک سے آنے والے ملا محمد اٹکی کو خدا کا رسول اور آخری نبی مانتے ہیں۔ ان کی کتابوں ثنائے مہدی کے صفحہ نمبر۱۱' ۱۲' ۱۳ میں محمد مہدی اٹکی کو خدا کا آخری نبی اور رسول اسی طرح یہی الفاظ سفرنامہ مہدی کے صفحہ نمبر۳' ۱۵ میں بھی درج ہیں معراج نامہ صفحہ نمبر ۲۳ ثنائے محمد مہدی صفحہ نمبر۱۰' ۱۲ ذکر الٰہی صفحہ ۳۹ میں محمد مہدی کو خاتم النبیین درج کیا ہے یہ لوگ تربت کے قریب ایک پہاڑی پر جسے کوہ مراد کہتے ہیں' ہر سال ۲۷ رمضان کو حج کرتے ہیں' اپنے حج کے لئے انہوں نے وہ تمام مقامات تجویز کئے ہیں جو مسلمانوں کے حج خانہ کعبہ کے لئے مقرر ہیں ان سب عقائد کے باوجود یہ اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں آپ تمام بھائیوں کی عدالت میں ناچیز غلام یاسین گزگناڑی (خادم جمعیت علماء اسلام پاکستان) ان کے مختصر عقائد ذکریوں کی کتب سے پیش کررہا ہوں۔

کلمہ توحید:

تمام مسلمانوں کا کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے اس کے مقابلے میں ذکری حضرات ملا محمد اٹکی کا کلمہ پڑھتے ہیں جو اس طرح ہے۔ لا الہ الا اللہ نوربر پاک نور محمد مہدی رسول اللہ دیکھئے ذکر توحید صفحہ نمبر۹' ۱۳' وغیرہ ذکر الٰہی صفحہ نمبر۱' ۱۰ وغیرہ نیز قبرستان میں تمام ذکری قبروں پر بھی ذکری کلمہ لکھا ہوا ہے۔

نماز:

نماز ارکان اسلام میں سے ایک اہم رکن ہے مسلمان نماز کو فرض سمجھتے ہیں۔ قرآن مجید میں بار بار نماز کی تاکید کی گئی ہے' مگر ذکری حضرات نماز کے منکر ہیں' اس کے مقابلے میں ذکر جلی اور ذکر خفی کو اپنائے ہوئے ہیں' دیکھئے ان کی مطبوعہ کتب ذکر توحید' ذکر الٰہی' میں ذکری ہوں وغیرہ وغیرہ میں' ان کے یہاں مسجد نہیں بلکہ ذکر خانہ ہوتا ہے' جو چوکور بغیر محراب کے ہوتا ہے۔ ذکری ذکر خانے کے دائرے میں بیٹھ کر اپنے ذکر و اذکار کرتے ہیں بلکہ چودہ مرتبہ لا الہ الا اللہ نوربر پاک نور محمد مہدی رسول اللہ صادق الوعد الامین۔ دیکھئے سفرنامہ مہدی ص ۳ ذکر توحید ص نمبر۹' ۱۳' ۱۶' ۱۷' ۱۸' ۱۹' ۲۱' ۲۲' ۲۵' ۲۹' ۳۱' ۳۳' ۳۵' ۳۶' ۳۸ ذکر الٰہی صفحہ نمبر' ۱۰' ۱۱' ۱۲' ۱۳' ۱۴' ۱۶' ۱۷' ۲۰' ۲۳' ۲۶' ۲۸' ۳۰ وغیرہ وغیرہ۔

روزہ:

رمضان کے روزے ازروئے قرآن مسلمانوں پر فرض ہیں۔ مگر ذکری حضرات اس کے منکر ہیں وہ ذی الحجہ کے آٹھ روزے رکھتے ہیں بعض نہیں رکھتے (دیکھئے مطبوعہ کتاب میں ذکری ہوں ص ۷ تا ص ۳۷ تک)

حج بیت اللہ:

ازروئے قرآن ہر صاحب استطاعت پر زندگی میں ایک مرتبہ حج خانہ کعبہ فرض ہے مگر ذکری حضرات کے نزدیک حج خانہ کعبہ فرض نہیں بلکہ منسوخ ہے وہ ۲۷ر رمضان کو تربت کے شہر کے قریب کوہ مراد نامی پہاڑی پر حج کرتے ہیں' ان کے نزدیک حج کوہ مراد ضروری اور باعث ثواب ہے جو کوہ مراد نہیں جائے گا وہ مہدی کا منکر نمازی اور کافر ہے اس سلسلے میں چوگان کا ایک بول۔

حجی ء فقیرء حج ء رونت' مایہ تربت ء گنداہ گاہ

حاجی حج ء رونت' گونش نہ انت عبدالکریم

یعنی حاجی حج کو جاتے ہیں ہم تربت (کوہ مراد) کو دیکھنے جاتے ہیں' حاجی حج کو جاتے ہیں لیکن عبدالکریم جیسے شخصیت نہیں۔ (دیکھئے بلوچ و بلوچستان کا تاریخی جائزہ ص ۳۵ سیارہ ڈائجسٹ جنوری ۱۹۷۳ء' مکران تاریخ کے آئینے میں ص ۱۰ مطبوعہ کراچی ۱۹۳۷ء' عمدۃ الوسائل ۲۹ تیر اسلام بر کور ذکریان ص ۸۔ بلوچی دنیا فرزند)

۱۹۵۶ء فروری ۱۹۶۶ء' ستمبر ۱۹۶۵ء تو کپن دور مکران نمبر۶' مارچ ۱۹۶۶ء)

سروگان کا دوسرا بول: حج و نماز روزہ جملہ بروبدوزخ' یعنی حج و نماز' روزہ سب کے سب دوزخ میں جائیں' (دیکھا آپ نے چوگان کا یہ بول نماز روزہ حج سے نفرت کا برملا اظہار ہے)

زکوٰۃ:

اسلام نے ہر صاحب نصاب پر ہر سال گزرنے پر زکوٰۃ فرض کی ہے ذکری ملائیوں کے نزدیک دس پر فرض ہے حالانکہ اسلام میں چالیس پر ایک فرض ہے چونکہ ملائیوں کو فائدہ ہے اس لئے اسے ترمیم کے ساتھ باقی رکھا زکوٰۃ ان کے ملائی کھاتے ہیں چاہے ملائی کروڑ پتی ہی کیوں نہ ہو۔ غریبوں کو دینا جائز نہیں۔

ختم نبوت:

مسلمانوں کے نزدیک حضور اکرم ﷺ کے آخری رسول اور آخری نبی ہیں۔ اب قیامت تک نہ کوئی نبی مبعوث ہوگا اور نہ کوئی رسول۔ چونکہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم آخری رسول ہیں لہٰذا شریعت بھی آخری ہے مگر ذکری حضرات کے نزدیک جیسا کہ ان کے کلمہ سے ظاہر ہے مہدی کو اللہ کا رسول مانتے ہیں ان کے نزدیک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منجملہ دوسرے انبیاء کے ایک نبی ہیں البتہ خاتم النبیین محمد مہدی ہے (معراج نامہ ص ۲۱' ۳۲ قلمی نسخہ نور الدین بن کمال خان)

درخشاں لکھتا ہے۔ تو ہی خاتم جملہ پیغمبران۔ تو ہی تاجدار ہمہ سروران (ثنائے مہدی ص ۱۲)

یہ لوگ ذکر و اذکار میں جو دعا پڑھتے ہیں وہ درج ذیل ہے اور قابل غور ہے۔

ترجمہ بارے رب واسطے فضل کرنے والے اور مہربانی کرنے والے۔ حیاتی دینے والے احسان کرنے والے کہ قبول کر حضرت نور محمد مہدی ہادی جو صاحب اثر ہے تعریف کرنے والوں کا بڑا ہے اللہ کا خلیفہ ہے زمین و آسمان سے بھی پاک ہے سب عارفوں کی شمع ہے عاشقوں کا چشم و چراغ ہے گلستان کا بلبل ہے۔

جو کہ ہمیشہ بوستان کے گلشن میں ہے' فردیوں کا رفیق ہے' میٹھے باغ کا بلبل ہے قرآن کی تاویل کرنے والا آخری نبی اماموں کا سید خاتم النبیین نور محمد مہدی اول و آخر الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام (دیکھئے ذکر الٰہی ۳۹ از محمد اسحٰق درازئی مطبوعہ کراچی ۱۹۵۶ء ذکر توحید ص ۳۶ مطبوعہ کراچی ۱۹۷۳ء از شہزاد آل پاکستان ذکری انجمن آتمارام پریتم داس روڈ لیاری کراچی)

عام ذکریوں کا عقیدہ ہے کہ مہدی اللہ کے نور سے پیدا ہوا ہے۔ بغیر ماں باپ کے ہے' مرا نہیں بلکہ زندہ ہے اور خدا کے پاس عرش پر کرسی بچھا کر بیٹھا ہوا ہے اور امت (ذکریوں) کی وکالت کرتا ہے ان کو دوزخ میں جانے نہیں دیتا۔ ان کے عقیدے کے مطابق مہدی کا منکر کافر ہے ان کی مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتابوں میں واضح طور پر دین مہدی اور شریعت مہدی اور مہدی کے امتی جیسے جملے استعمال کئے گئے ہیں معلوم ہوا کہ ذکریوں کے نزدیک مہدی مستقل دین اور شریعت لے کر آیا تھا۔

قرآن مجید:

قرآن مجید کو یونہی سطحی طور پر الفاظ میں مانتے ہیں معنوی لحاظ سے نہیں مانتے ہیں ان کا عقیدہ ہے کہ مہدی نے آکر قرآن مجید کی تاویل کی ہے اور عبادات میں ترمیم کی ہے۔ لہٰذا پنج وقت نماز' رمضان کے روزے' حج کعبہ اور دیگر بہت سارے امور قابل عمل نہیں ہیں۔ ان کے نزدیک قرآن کے نزول میں حضرت احمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم واسطہ تھے۔ قرآن نازل مہدی کے واسطے ہوا۔

لہٰذا اس کی وہ تعبیر و تفسیر معتبر ہے جو محمد مہدی سے منقول ہو کیونکہ مہدی نے قرآن کی تاویل لوح محفوظ کی تحریر کے مطابق کی۔

چوگان:

یہ اجتماعی عبادت اور نفلی ذکر ہے سب سے اہم چوگان ذی الحجہ کی شب نہم' ۲۷ رمضان' چاند کی تیرہویں' چودھویں اور پندرھویں شب کو ہوتا ہے شادی یا کسی منت کے موقع پر بھی چوگان کیا جاتا ہے۔

چوگان کی امامت ایک خوش آواز عورت کرتی ہے چوگان میں کل ۳۵ بول اور ان کے جواب ہیں۔ عورت جو بول پڑھتی ہے اسے پربندک کہتے ہیں۔ چوگان کی امامت کرنے والی عورت کو سروگانی (پیش امام) کہتے ہیں اسی یا سو کے قریب افراد حلقہ باندھ کر آگے پیچھے کھڑے ہوتے ہیں درمیان میں سروگانی (خوش آواز عورت) کھڑی ہوتی ہے یہ امام چوگان کہلاتا ہے۔ سروگان ترنم سے کچھ بول اپنی زبان میں بولتی ہے وہ یہ ہیں

سروگان کے بول

کے واہنت اوکے آگہ

(کون سو رہا ہے کون جاگ رہا ہے)

کوہ مراد گنج را تک ہادی

(کوہ مراد پر خزانہ نکل آیا)

ذکری لوگوں کا جواب

بندہ واب خدا آگہ

(بندہ سو رہا ہے خدا جاگ رہا ہے)

از برکت ء مہدی چراگ ء مہدی

(مہدی کی برکت کی روشنی سے)

چوگان ہمارے مذہب اسلام اور بلوچی تہذیب کے سراسر خلاف ہے۔

معراج:

احمد مصطفیٰ نے ایک مرتبہ جمعہ کے دن

اپنے صحابہ کے اجتماع میں کہا کہ محمد اور خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ عائشہ کو جب معلوم ہوا تو انہوں نے کہا کہ آپ نے ایسا کیوں کہا' اللہ تعالیٰ کو احمد عربی کی یہ بات پسند نہ آئی کیونکہ روز ازل سے ہی اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرمایا تھا کہ نور اولین و آخرین و نبی آخر الزمان محمد مہدی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جبرئیل کو بھیجا کہ جاکر احمد عربی کو لے آؤ تاکہ وہ یہاں آکر دیکھے کہ میرا محبوب اور خاتم النبیین محمد مہدی ہے' جبرئیل نے احمد مصطفیٰ کو پیغام پہنچایا اور ساتھ لے کر چلے جب تک فلک اول پر پہنچے تو دروازہ مقفل تھا اور فرشتہ کاکائیل اس کی حفاظت پر مامور تھا۔ اس کی ہدایت پر احمد عربی نے بڑی عاجزی سے یہ دعا پڑھی' اوپیر ما مریم اور پدر ما فرزندم' بایمان آوردہ ایم لا الہ الا اللہ نور پاک محمد مہدی رسول اللہ' مہدی مراد اللہ' محبوب اللہ' نور علی کل خلق اللہ و داعیاالی اللہ باذنہ وسراجا منیرا۔ یہ دعا پڑھتے ہی دروازہ کھل گیا۔ پھر اور دعائیں بتائیں جن کو پڑھنے سے ہر آسمان کے دروازے کھلتے گئے اور گزرتے چلے گئے۔ آخر درخت سدرا کے نیچے پہنچے اسی قسم کی ایک طویل دعا بہت جزع اور فزع کے ساتھ پڑھنے کے بعد حاملان عرش نے درخت کے اوپر پائے عرش تک پہنچایا احمد عربی نے دیکھا کہ عرش پر اللہ تعالیٰ کے سامنے ایک نہایت حسین نورانی چہرے والا دراز قد اور دراز دست باوقار شخص کرسی نشین ہے۔ اللہ تعالیٰ نے احمد عربی سے کلام کیا اے احمد تو نے اپنے صحابہ کی مجلس میں خود کو محمد اور خاتم النبیین کہا ہے حالانکہ محمد اور خاتم النبیین نور اولین و آخرین مہدی ہے اور وہ یہ میرے سامنے بیٹھا ہے اسے میں کبھی اپنے سے جدا نہیں کرتا اس سے ہدایت اور علم شریعت حاصل کرو' جب احمد محمد مہدی کی طرف متوجہ ہوا تو مہدی نے کہا کہ میں باپ تو میرا بیٹا میں تجھے اس بات کی وصیت کرتا ہوں کہ جو تو نے اپنے اصحاب کی محفل میں کہی تیرا نام احمد ہے یا محمد تو احمد نے کہا مجھ سے (معاذ اللہ) غلطی ہوگئی میرا نام احمد ہے اور محمد خاتم النبیین تو ہے (نعوذ باللہ) یہی محمد مہدی نے ہدایات دیں۔ اور کہا تو دنیا میں جاکر میرے امتیوں (ذکریوں) سے بغض نہ رکھنا ان کا مال نہ کھانا کسی کو قتل نہ کرنا (نعوذ باللہ نقل کفر کفر نباشد)

(ذکری عقائد پر ایک نظر بحوالہ ذکری کتب)

۱... محمد مہدی اللہ کا آخری نبی اور رسول ہے (قلمی نسخہ شے محمد ص ۱۱۷ ثنائے مہدی ۱۱' ۱۲' ۱۳)

۲... محمد خاتم النبیین ہے (قلمی نسخہ نور الدین بن ملا کملان ص ۱۲' معراج نامہ ص ۲۳ وغیرہ وغیرہ)

۳... اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء سے مہدی پر ایمان لانے اور اس کی دور کا عہد لیا تھا (قلمی نسخہ ملا محمد ص ۹۹ ثنائے مہدی ص ۱۲)

۴... محمد مہدی تمام انبیاء سے افضل ہے' ثنا مہدی ص ۱۱' ۱۲' سفرنامہ مہدی ص ۳ ثنائے مہدی ص ۹ از عبدالکریم۔ ذکری کون ہے ۷' ۴)

۵... محمد مہدی خدا کے نور سے پیدا ہوا ہے (قلمی نسخہ شے محمد قصر قندیہ ص ۱۱۵ سفرنامہ مہدی ص ۴ ثنائے مہدی ص ۱۳)

۶... خدا مہدی سے عشق کرتا ہے خدا عاشق مہدی اس کا معشوق ہے۔ قرآن مجید میں آیۃ واستعنک لنفسی (خط شے شکر ترجمان بلوچ ۷ر مارچ ۱۹۳۷ء خط شے شکر ۲۲ر ذیقعدہ ۱۳۵۵ھ تیر اسلام پر کوور ذکریان ص ۹)

۷... مہدی ماں باپ اور اولاد سے پاک ہے۔

۸... مہدی زندہ ہے خدا کے پاس عرش پر کرسی بچھائے بیٹھا ہے۔ (قلمی نسخہ نور الدین بن ملا کملان حصہ معراج نامہ ص ۱۴۱)

۹... مہدی آخری شریعت لے کر آیا ہے (قلمی

باقی ص ۱۳ پر

مفت مشورہ لٹکے گال پچکے گال پتلا کمزور جسم۔ فون 690840 690850 کوڈ (041)
چہرے کے ڈینٹ، کمزور جسم کو موٹا مضبوط، طاقتور، سمارٹ، خوبصورت بنانے کیلئے پرانے درد، نزلہ، کیرا، دمہ، بخار، چھوٹی چھاتی وقد کو بڑھانے کے لئے۔
مردانہ، زنانہ امراض گنجاپن گرتے بال، دمہ، اٹھرا کے لئے
بالوں کو نرم گھنا سیاہ خوبصورت، بھوک لگانے، گیس معدہ بواسیر، فالج، یرقان، موٹاپا، کمزور پٹھے، بلڈ پریشر، اٹھرا رحم، جگر، مثانہ کے لئے۔
پرانی خارش، چھپاکی خون کی خرابی، پیشاب کی مرض، گردہ مثانہ کی پتھری کیلئے
چہرے کے کیل چھائیاں، نسوانی حسن، قد بڑھانے کیلئے
پچاس سال کے تجربہ کا مفت مشورہ کیلئے جوابی لفافہ یا اسکی قیمت ضرور ارسال کریں
پتہ حکیم بشیر احمد بشیر
محلہ غلام محمد آباد چاندنی چوک فیصل آباد، پوسٹ کوڈ 38900
رجسٹرڈ [illegible] گورنمنٹ آف پاکستان

ختم نبوت

محمد رفیع مفتی

نبوت و رسالت کا معاملہ ایسا نہیں کہ اس کے بارے میں' کسی درجے کی بھی بے اعتنائی اختیار کی جاسکے۔ انسان کی اخروی نجات کا دارومدار اس بات پر ہے کہ وہ خدا کے پیغمبروں کے بارے میں کیا رویہ اختیار کرتا ہے۔ اگر وہ ان کی تصدیق کرتا اوران کے ساتھ مطابقت و ہم آہنگی کا رویہ اختیار کرتا ہے' تو اخروی کامیابی' اپنی کامل شکل میں' اس کی منتظر ہوتی ہے' اور اگر وہ ان کی تکذیب کرتا اور ان کے ساتھ سرکشی و نافرمانی کا رویہ اختیار کرتا ہے' تو پھر اخروی عذاب اس کا مقدر ہوتا ہے' چنانچہ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس معاملے میں بہت اہتمام فرمایا ہے۔

نبی' کسی عام مصلح کی طرح' محض اپنی شخصیت اور اپنے علم کے بل بوتے پر' میدان دعوت میں قدم نہیں رکھ دیتا' بلکہ وہ پہلے سے ایک متعارف شخصیت ہوتا ہے۔ کائنات کے مالک کی طرف سے اس کا پروانہ تقرر' اس کی آمد سے پہلے' دنیا میں بھیج دیا جاتا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے کہ ہر نبی' اپنے سے پہلے آنے والے نبی یا بعض اوقات انبیاء کی پیش گوئیوں کا مصداق بن کر آتا ہے۔ قرآن مجید اور پرانے صحیفوں کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر نبی' اپنے بعد آنے والے نبی کی بشارت دیتا رہا ہے۔ اس بات کی شہادت تورات' اناجیل اربعہ اور قرآن مجید میں جگہ جگہ موجود ہے۔ ان پیش گوئیوں کا مطالعہ کرنے سے یہ بات بالکل واضح ہوجاتی ہے کہ انبیاء و رسل کا معاملہ جس قدر اہمیت کا حامل تھا' اللہ تعالیٰ نے اسی قدر اس میں اہتمام بھی فرمایا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں' تورات میں ہے:

"دیکھو! میں اپنا رسول بھیجوں گا' اور وہ میرے آگے راہ راست کرے گا اور خداوند' جس کے تم طالب ہو' ناگہاں' اپنی ہیکل میں آموجود ہوگا۔ ہاں' عہد کا رسول' جس کے تم آرزو مند ہو' آئے گا۔ رب الافواج فرماتا ہے: پر اس کے آنے کے دن کی کس میں تاب ہے۔ اور جب اس کا ظہور ہوگا' تو کون کھڑا رہ سکے گا؟ کیونکہ وہ سنار کی آگ اور دھوبی کے صابون کی مانند ہے۔ اور وہ چاندی کو تانے اور پاک صاف کرنے والے کی طرح بیٹھے گا اور بنی لاوی کو سونے اور چاندی کی مانند پاک صاف کرے گا' تاکہ وہ راست بازی سے خداوند کے حضور ہدیہ گزرانیں' تب یہوداہ اور یروشلم کا ہدیہ خداوند کو پسند آئے گا' جیسا ایام قدیم اور پرانے زمانے۔"

(ملاکی: باب ۳' آیت ۱ تا ۴)

اناجیل میں ہے:

"اے یوسف ابن داؤد' اپنی بیوی مریم کو اپنے ہاں لے آنے سے نہ ڈر' کیونکہ جو اس کے پیٹ میں ہے' وہ روح القدس کی قدرت سے ہے۔ اس کے بیٹا ہوگا اور تو اس کا نام یسوع رکھنا' کیونکہ وہی اپنے لوگوں کو' ان کے گناہوں سے نجات دے گا۔ یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ جو خداوند نے اپنے نبی کی معرفت کہا تھا' وہ پورا ہو کہ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی اور بیٹا جنے گی اور اس کا نام عمانوایل رکھیں گے۔"

(متی: باب ۱' آیت ۲۰ تا ۲۳)

"اور وہ خواب میں ہدایت پاکر گلیل کے علاقے کو روانہ ہوگیا اور ناصرہ نامی ایک شہر میں جابسا' تاکہ جو نبیوں کی معرفت کہا گیا تھا' وہ پورا ہو کہ وہ ناصری کہلائے گا۔"

(متی: باب ۲' آیت ۲۲ تا ۲۳)

"یہ سب باتیں یسوع نے بھیڑ سے تمثیلوں میں کہیں اور بغیر تمثیل کے وہ ان سے کچھ نہ کہتا تھا' تاکہ جو نبی کی معرفت کہا گیا تھا' وہ پورا ہو کہ میں تمثیلوں میں اپنا منہ کھولوں گا۔ میں ان باتوں کو ظاہر کروں گا جو بنائے عالم سے پوشیدہ رہی ہیں" (متی: باب ۱۳' آیت ۳۴ تا ۳۵)

حضرت یحییٰ علیہ السلام کے بارے میں تو اناجیل ہمیں بتاتی ہیں کہ ان کی بعثت کا مقصد ہی اپنے بعد آنے والے نبی کے لئے راہ صاف کرنا تھا۔ اناجیل میں ہے:

"اور یوحنا اونٹ کے بالوں کا لباس پہنے اور چمڑے کا پٹکا اپنی کمر سے باندھے رہتا' اور ٹڈیاں اور جنگلی شہد کھاتا تھا' اور یہ منادی کرتا کہ میرے بعد وہ شخص آنے والا ہے' جو مجھ سے زور آور ہے۔"

(مرقس: باب۱' آیت ۶ تا ۷)

قرآن مجید اسی بنا پر یہ کہتا ہے:

"اللہ تجھے یحییٰ کی بشارت دیتا ہے جو اللہ کے ایک کلمہ کی تصدیق کرنے والا ہے۔"

(آل عمران پارہ ۳' آیت ۳۹)

حضرت مسیح نے اپنی دعوت کا آغاز کیا' تو حضرت یحییٰ جیل میں تھے۔ انہوں نے وہیں سے اپنے شاگردوں کے ذریعے سے' یہ معلوم کیا کہ یہ داعی وہی نبی ہے' جس کے ہم منتظر ہیں یا یہ کوئی

اور شخصیت ہے۔ چنانچہ انہوں نے پوچھا:

"آنے والا تو ہی ہے یا ہم دوسرے کی راہ دیکھیں۔" (متی: باب ۱۱' آیت ۳)

حضرت مسیح نے جواب دیا:

"جو کچھ تم سنتے اور دیکھتے ہو' جاکر یوحنا سے بیان کردو کہ اندھے دیکھتے اور لنگڑے چلتے پھرتے ہیں' کوڑھی پاک صاف کئے جاتے ہیں اور بہرے سنتے ہیں' اور مردے زندہ کئے جاتے ہیں اور غریبوں کو خوش خبری سنائی جاتی ہے۔"

(متی: باب ۱۱' آیت ۴ تا ۵)

نبیوں اور رسولوں کے اس پورے سلسلے کے آخر میں' نبی امی ﷺ کی بعثت ہوئی آپ کی بعثت کی خبر سب نبیوں اور رسولوں نے دی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے واضح طور پر بنی اسرائیل کو یہ جتلایا تھا کہ آنے والا نبی' بنی اسماعیل میں مبعوث ہوگا۔ انہوں نے اسے جن الفاظ میں بیان کیا ہے' ان کا واضح مطلب یہی ہے کہ آخری نبی کی بعثت بنی اسماعیل ہی میں ہوگی۔

چنانچہ تورات میں بیان ہوا:

"خداوند تیرا خدا' تیرے لئے' تیرے ہی درمیان سے' یعنی تیرے ہی بھائیوں سے میری مانند ایک نبی برپا کرے گا۔ تم اس کی سننا.....

اور خداوند نے مجھ سے کہا کہ وہ جو کچھ کہتے ہیں' سو ٹھیک کہتے ہیں' میں ان کے لئے' انہی کے بھائیوں میں سے' تیری مانند ایک نبی برپا کروں گا۔ اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا۔ اور وہ جو کچھ میں اسے حکم دوں گا' وہی ان سے کہے گا' اور جو کوئی میری ان باتوں کو' جن کو وہ میرا نام لے کر کہے گا' نہ سنے' تو میں ان کا حساب اس سے لوں گا۔"

(استثناء باب ۱۸' آیت ۱۵ تا ۱۹)

استثناء ہی میں ہے:

خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر آشکار ہوا' وہ کوہ فاران سے جلوہ گر ہوا۔ دس ہزار قدوسیوں کے ساتھ آیا اور اس کے داہنے ہاتھ میں ایک آتشیں شریعت' ان کے لئے تھی۔"

(باب ۳۳' آیت ۲)

نبی ﷺ کے بارے میں پیش گوئیاں' اناجیل میں ان الفاظ میں مذکور ہیں:

"یسوع نے ان سے کہا کہ کیا تم نے کتاب مقدس میں کبھی نہیں پڑھا کہ جس پتھر کو معماروں نے رد کیا' وہی کونے کے سرے کا پتھر ہوگیا۔ یہ خداوند کی طرف سے ہوا' اور ہماری نظر میں عجیب ہے۔

اس لئے میں تم سے کہتا ہوں: خدا کی بادشاہی تم سے لے لی جائے گی اور اس قوم کو' جو اس کا پھل لائے' دے دی جائے گی۔ اور جو اس پتھر پر گرے گا' اس کے ٹکڑے ہوجائیں گے' مگر جس پر وہ گرے گا' اسے پیس ڈالے گا۔"

(متی: باب ۲۱' آیت ۴۲ تا ۴۴)

"اس کے بعد میں تم سے بہت سی باتیں نہ کروں گا' دنیا کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اس کا کچھ نہیں۔" (یوحنا: باب ۱۴' آیت ۳۰)

قرآن مجید میں باقاعدہ ان پیش گوئیوں کا حوالہ دیا گیا ہے۔ سورہ اعراف میں ہے:

"جو پیروی کریں گے اس نبی امی رسول کی' جس کا ذکر' وہ اپنے ہاں' تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔" (۷:۱۵۷)

حضرت مسیح علیہ السلام کی بعثت کا ایک مقصد حضرت محمد ﷺ کی بشارت دینا تھا۔ سورہ صف میں ہے:

"اور جب عیسیٰ ابن مریم نے کہا کہ اے بنی اسرائیل' میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہو کر آیا ہوں' ان پیش گوئیوں کا مصداق' جو مجھ سے پہلے تورات میں موجود ہیں اور ایک رسول کی بشارت دیتا ہوا آیا ہوں' جو میرے بعد آئے گا۔ اس کا نام احمد ہوگا۔" (۶۱:۶)

یہ سب پیش گوئیاں اس بات کی تصدیق کرتی ہیں کہ نبی کوئی مبہم شخصیت نہیں ہوتا۔ وہ اپنی نبوت منوانے کے لئے کوئی بحث و مباحثہ نہیں کرتا' نہ وہ پہلے سے واضح باتوں کے نئے نئے مطالب بیان کرتا ہے اور نہ کچھ نادر نکتے تراشنے کے بعد' اپنی نبوت کے لئے' کچھ ایسے دلائل لاطائل قوم کے سامنے لاتا ہے' جنہیں اگر کوئی عامی سنے' تو سمجھنے سے قاصر ہو' اور عارف سنے' تو یہ دلائل نبوت' دعویٰ نبوت کا ابطال کرتے نظر آئیں۔ نبی کی شخصیت ایسی واضح ہوتی ہے جس میں کوئی ابہام نہیں ہوتا اور اس کی دلیل نبوت ایسی قاطع ہوتی ہے' جس سے انکار ممکن نہیں ہوتا۔ وہ خدا کی راہ ڈھونڈنے والوں کی مراد اور طالبان حق کی طلب بن کر آتا ہے۔ وہ اپنا تعارف ہی یہ بات کہہ کر پیش کرتا ہے کہ میں کوئی اجنبی نہیں ہوں' میں تو ان پیش گوئیوں کا مصداق ہوں جو پہلے سے تمہارے ہاں پائی جاتی ہیں۔ اگر وہ کوئی کتاب موعود لے کر آتا ہے' تو اس کے بارے میں بھی یہی بات پیش کی جاتی ہے کہ یہ کتاب ان پیش گوئیوں کی مصداق ہے' جو پہلے سے تمہارے ہاں موجود ہیں۔ قرآن مجید چونکہ کتاب موعود تھی' لہٰذا یہ جب نازل ہوئی' تو اس کے حق میں بھی یہی دلیل دی گئی۔ سورہ بقرہ میں ہے:

"(اے یہود) ایمان لاؤ اس چیز (قرآن) پر جو میں نے اتاری ہے۔ تصدیق کرتی ہوئی' اس چیز کی جو تمہارے پاس ہے' اور تم اس کے پہلے انکار کرنے والے نہ ہو۔"

(۲:۴۱)

"اور اب' جو ایک کتاب' اللہ کی طرف سے' ان (یہود) کے پاس آئی' تصدیق کرتی ہوئی (مصداق بن کر)' اس چیز (پیش گوئیوں) کی' جو ان کے پاس پہلے سے موجود ہے اور یہ خود پہلے سے' کفار (انکار کرنے والوں) کے خلاف' فتح کی

دعائیں مانگ رہے تھے' تو جب ان کے پاس آئی وہ چیز جس کو جانے پہچانے ہوئے تھے' تو انہوں نے اس کا انکار کردیا۔" (۸۹:۲)

"اور جب ان سے کہا جاتا ہے ایمان لاؤ اس چیز پر' جو اللہ نے اتاری ہے' تو وہ جواب دیتے ہیں کہ اس چیز پر تو ہم ایمان رکھتے ہی ہیں' جو ہم پر اتری ہے اور وہ اس کے علاوہ کا انکار کرتے ہیں' حالانکہ وہی حق ہے اور ان پیش گوئیوں کے مطابق ہے' جو ان کے ہاں موجود ہیں۔" (۹۱:۲)

ہم اختصار کی غرض سے ان تین مقامات ہی کا حوالہ دے رہے ہیں' ورنہ یہی بات' قرآن مجید میں کم و بیش بیس مقامات پر بطور دلیل آئی ہے۔

اور یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید میں یہ کہا گیا:

"کیا ان کے لئے یہ نشانی کافی نہیں ہے کہ بنی اسرائیل کے علماء اسے جانتے ہیں۔" (الشعراء ۲۶-۱۹۷)

یہ ہے وہ اہتمام' جس کے بعد اللہ تعالیٰ لوگوں کو اس بات کا مکلف ٹھہراتا ہے کہ وہ اس کے بھیجے ہوئے نبی پر ایمان لائیں۔ جس شخص کو ماننے اور نہ ماننے میں اتنا بڑا فرق ہو' جتنا ابدی جنت اور ابدی جہنم میں فرق ہے' اس شخص کے معاملے میں کسی نوعیت کا کوئی ابہام' کسی صورت میں بھی' انسان کی عقل و فطرت گوارا نہیں کرسکتی اور نہ خدائے رحمٰن کے بارے میں یہ بدگمانی کی جاسکتی ہے کہ اس نے کس شخص کی نبوت کو مبہم اور مجمل رکھا ہو۔

اب ہم اس سارے مقدمے کی روشنی میں' اس بات پر غور کرتے ہیں کہ کیا قرآن مجید میں نبی ﷺ کے بعد آنے والے کسی نبی کے بارے میں کوئی پیش گوئی موجود ہے؟

اس سوال کا جواب' واضح طور پر نفی میں ہے۔ قرآن مجید میں نہ کسی آئندہ آنے والے نبی کا کوئی ذکر موجود ہے' نہ اس پر ایمان لانے کی کوئی دعوت اس میں پائی جاتی ہے' نہ اس کی نصرت کا کوئی حکم اس میں موجود ہے' اور نہ اس کے احوال کے بارے میں' کسی نوعیت کی' کوئی خبر موجود ہے۔ اگر ایسی بات ہوتی تو ساری امت اس بات کو جانتی اور مانتی۔ پھر بھی کہتے کہ اس نبی کو نہ ماننا دراصل' قرآن کو نہ ماننا ہوگا' اور اس کا انکار' قرآن مجید کا انکار قرار پائے گا۔ لیکن نہ صرف یہ کہ یہ سب کچھ اس میں نہیں ہے' بلکہ قرآن مجید اس کے بالکل برعکس' بہت واضح طور پر' ختم نبوت کا اعلان کررہا ہے۔ ارشاد باری ہے:

"بلکہ (محمد) اللہ کے رسول اور نبیوں کے خاتم ہیں۔" (الاحزاب ۳۳-۴۰)

یہ آیت' واضح طور پر' ختم نبوت کا اعلان کررہی ہے۔ اگر یہ آیت نہ ہوتی' تو ہم قرآن مجید کے بارے میں یہ نہ کہہ سکتے کہ اس میں ختم نبوت کا اعلان موجود ہے۔

سورہ احزاب کی مذکورہ آیت کو دیکھئے' اس میں نبی ﷺ کے لئے خاتم النبیین کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں' جس کے معنی' نبیوں کی مہر' کے ہیں۔ نبی ﷺ کے لئے مہر کا کردار کیا ہے۔ مہر' جدید و قدیم ہر زمانے میں' دو ہی کاموں کے لئے استعمال کی گئی ہے۔ ایک' مہر بند کرنے کے لئے اور دوسرے' تصدیق کرنے کے لئے۔ اگر "خاتم" کو پہلے معنی میں لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ نبی ﷺ نبوت کے اس سلسلے کو مہر بند کرنے والے ہیں' جس کی ابتدا آدم علیہ السلام سے ہوئی تھی۔ معاملہ اگر یہی ہے' تو ختم نبوت کے عقیدے پر بحث تمام ہوجاتی ہے اور یہ بات ثابت ہوجاتی ہے کہ آئندہ کسی نبی کے آنے کا کوئی امکان نہیں۔ اگر مہر کو دوسرے معنی میں لیا جائے' یعنی وہ چیز جس سے تصدیق کا کام لیا جاتا ہے' تو پھر ضرور ہے کہ آئندہ آنے والے نبی کی نبوت بھی اسی طرح نبی ﷺ کی تصدیق سے ثابت ہو' جس طرح آپ سے پہلے آنے والے نبیوں کی نبوت' ہمارے لئے' آپ ﷺ ہی کی تصدیق سے ثابت ہوئی ہے۔ ہم آدم و نوح' ہود اور صالح' ابراہیم و لوط' موسیٰ و ہارون' داؤد و سلیمان اور یحییٰ و عیسیٰ علیہم السلام' سب کی نبوت پر اس لئے ایمان رکھتے ہیں کہ ان کی نبوت کی تصدیق نبی ﷺ نے کی ہے۔ آپ کی یہ تصدیق اس آسمانی کتاب میں آج بھی موجود ہے' جو قرآن مجید کی شکل میں اس امت کے پاس ہے۔ جس کی حفاظت کا ذمہ' خود اللہ تعالیٰ نے لے رکھا ہے' جو ہمارے پاس حق و باطل کے مابین' فیصلہ کرنے والی' واحد کسوٹی ہے اور جسے فرقان کہا گیا ہے۔ یہ انسان کی ہدایت کے لئے' ہر اعتبار سے مکمل ہے۔ اس کی رہنمائی یقینی ہے۔ یقینی اور مستند ترین ہونے کے اعتبار سے' اس کے مقابلے میں' کوئی چیز بھی' نہ اس امت مسلمہ کے پاس موجود ہے اور نہ پوری مذہبی دنیا ہی میں پائی جاتی ہے۔ اس کتاب میں نبی ﷺ سے پہلے اور آپ کے بعد ان سب چیزوں کا ذکر ہے' جن پر ایمان لانا لازمی ہے۔ اس میں توحید کا ذکر' پوری وضاحت کے ساتھ ہے۔ اس میں رسالت کا ذکر' پوری تفصیل کے ساتھ ہے۔ اس میں محمد رسول اللہ کی نبوت و رسالت کا ذکر' پورے شرح و بسط کے ساتھ ہے۔ آخرت' حشر نشر' حساب کتاب' جنت اور جہنم' سب چیزوں کا ذکر' پوری وضاحت اور بے مثل استدلال کے ساتھ موجود ہے۔ چنانچہ نبی ﷺ کے بعد اگر واقعی کوئی نبی آنا تھا' جسے ماننا اور نہ ماننا برا نہیں تھا' اور جس کے انکار سے آخرت میں کسی معمولی درجے کے نقصان کا بھی اندیشہ تھا' تو پھر لازم تھا کہ خدائے رحمان اس کی نبوت کی اطلاع بھی' اپنے اسی کلام میں' محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل کرتا' جس میں اس نے ابراہیم و موسیٰ اور دیگر انبیاء علیہم السلام کی تصدیق نازل کی ہے۔ جس طرح موسیٰ و عیسیٰ علیہم السلام کی کتابوں میں' نبی ﷺ کے بارے میں ایسی پیش گوئیاں موجود تھیں' جن کی

بنیاد پر' آپ ایک متعارف نبی کی حیثیت سے " مکتوباعندھم فی التورات والانجیل" تھے اور جن کے نتیجے میں' ان اہل کتاب کا معاملہ یہ ہوچکا تھا کہ وہ محمد رسول اللہ ﷺ کو' ایسے پہچانتے تھے' جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے تھے' اسی طرح یہ ضروری تھا کہ جسے آئندہ نبی کے طور پر آنا ہوتا' وہ بھی اپنے مقام بعثت' وقت اور اپنی صفات کے تعین کے ساتھ " مکتوباعندنافی القرآن "ہوتا۔

لیکن واقعہ یہ ہے کہ ہم خدائے علیم و خبیر کے اس کلام میں محمد ﷺ کے بعد آنے والے' کسی نوعیت کے' کسی نبی کا"کہیں بھی کوئی ذکر نہیں پاتے' بلکہ اس کے برعکس' اس میں ختم نبوت کا اعلان' پوری شان کے ساتھ موجود ہے۔

آخر ایسا کیوں ہے؟ یہ یقیناً" اس لئے کہ نبی ﷺ کے بعد واقعتہً "کوئی نبی آنے والا نہیں ہے اور اس طرح اب آئندہ آنے والے نبی کی نبوت کا قرار' امت مسلمہ نے ناممکن بنادیا گیا ہے۔ (بشکریہ ماہنامہ اشراق)

○

بقیہ: ذکری عقائد

نسخہ شے محمد و نور الدین سے واضح ہے)

۱۰... حضور کی شریعت منسوخ ہوچکی ہے' حضور منجملہ اور انبیاء کے ایک نبی تھے' اب محمد مہدی کی شریعت رائج ہوچکی ہے' اور یہی قیامت تک رائج رہے گی۔ (نوکین دور ۱۳ مارچ ۱۹۹۷ء از ملا شہد و ملت قلمی نسخہ نور الدین حصہ معراج نامہ' شریعت مہدی' امتی مہدی' دین مہدی وغیرہ سے ظاہر ہے)

۱۱... قرآن کا نزول اگرچہ بواسطہ محمد ہوا ہے مگر وہ مہدی کے لئے نازل ہوا ہے لہٰذا اس کی وہی تعبیر و تفسیر معتبر ہے جو مہدی سے منقول ہے (ثنائے مہدی ص ۹ ایضاً" ص ۷ ایضاً" ۷۷۸ ذکر الٰہی ص ۳۹ قلمی نسخہ شے محمد ص ۱۵۳)

۱۲... حضور کا نام محمد نہیں احمد ہے قرآن مجید میں جہاں "محمد" آیا ہے اس سے مراد محمد مہدی ہے (قلمی نسخہ نور الدین بن ملا کمالان ص ۲۳)

۱۳... کلمہ لا الہ الا اللہ نور پاک نور محمد مہدی رسول اللہ۔ پڑھنا چاہئے اس کلمہ کا منکر دوزخی ہے (قلمی نسخہ شے محمد ۱۰۳' ص ۵۸' ص ۱۰۰ سفرنامہ مہدی ص ۴ ذکری توحید ص ۹ وغیرہ (قلمی نسخہ نور الدین معراج نامہ)

۱۴... نماز پنج گانہ' جمعہ' عیدین کی نماز پڑھنے والے بے دین اور گمراہ کافر ہیں۔ کیونکہ نماز منسوخ ہوچکی ہے۔ (قلمی نسخہ نور الدین نیز ملا یار محمد ملنگ)

۱۵... رمضان کے روزے منسوخ ہوگئے' آٹھ دن ذی الحجہ کے روزے فرض ہیں (دیکھئے میں ذکری ہوں ج ۱ ص ۷ سے ص ۴۲)

جن رمضان کے روزوں کا قطعاً" ذکر نہیں ان کے روزوں میں رمضان کے روزے شامل نہیں۔

۱۶... زکوٰۃ دس پر ایک (نوکین دور مکران نمبر ۱۹ مارچ ۱۹۴۷ء از کامل القادری' بلوچی دنیا فروری ۱۹۴۴ء' ۱۹۵۹ء ۱۹۶۵ء وغیرہ)

۱۷... حج بیت اللہ منسوخ ہے' حج کوہ مراد پر فرض ہے (نوکین دور مکران نمبر ۱۹ مارچ ۱۹۴۷ء از کامل القادری قلمی نسخہ شے محمد ۱۳۴ مسلمان مورخین' تبر اسلام برکھور ذکریان ص ۸ عمدۃ الوسائل ص ۳۹)

(جاری ہے) ○

محمد اعظم جتیار
انکشاف پرنٹرز
پرنٹرز، پبلشرز
اینڈ جنرل آرڈر سپلائیرز

اکابر علماء دیوبند مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی و دیگر قائدین سپاہ صحابہؓ کی نظریاتی اور دینی و علمی کتب وہ مرکز جسکے آپ عرصے سے منتظر تھے

سپاہ صحابہؓ، سپاہ صحابہؓ سٹوڈنٹس کے بیجز، سٹکرز، کی رنگ۔ لٹریچر دستور، منشور، ٹیلیفون انڈکس۔ بال پوائنٹ جھنڈے۔ عید کارڈ۔ لفافے۔ آئڈنٹی کارڈ کور، شیشہ سٹکر، ٹوپی بیج، سٹیل بیج۔ کاپی کور، لیٹر ہیڈ۔ تقاریر مولانا حق نواز جھنگوی، ضیاء الرحمٰن فاروقی، اعظم طارق تھوک و پرچون خرید فرمائیں

ہر قسم کی تقاریر کیسٹیں دستیاب ہیں نیز مدارس عربیہ کی رسید بکس، پمفلٹ، اشتہارات اور ہر قسم کی اعلیٰ طباعت کا مرکز

نئے سال کے موقع پر سپاہ صحابہؓ کی ڈائری۔ کیلنڈر پاکٹ کیلنڈر

مکتبۃ الجمعیۃ
امین بازار سرگودھا فون ۷۲۲۶۷۴

دوسری اور آخری قسط

دورِ جاہلیت اور دورِ اسلام ایک تقابلی جائزہ

مولانا ابوجندل قاسمی

اس کے بالمقابل اسلام ہے

غرض ایسے وقت میں کہ انسانیت سسک رہی تھی' ہلاکت اس کے سروں پر منڈلا رہی تھی' طوق و سلاسل اس کی گردن میں پڑے ہوئے تھے کہ: (حالی)

ہوئے پہلوئے آمنہ سے ہویدا
دعائے خلیلؑ اور نویدِ مسیحا

چالیس سال کی عمر شریف ہوئی تو نبوت سے اور رسالت سے سرفراز کئے گئے' اور غار حرا میں یہ عظیم خلعت آپ کو عطا کیا گیا۔ اس آفتاب نبوت و رسالت کے طلوع ہوتے ہی جو قلب کے بصیر اور بینا تھے' (مثلاً یار غار و رفیق حضرت ابوبکر صدیقؓ) وہ سامنے آئے اور آفتاب رسالت کے انوار و تجلیات سے خوب مستفیذ ہوئے' اور جو کور باطن اور خفاش دل تھے' (جیسے ابوجہل لعنۃ اللہ) اس آفتاب کے طلوع ہوتے ہی خفاش کی طرح ان کی آنکھیں چندھیا گئیں اور نبوت و رسالت کے آفتاب عالم تاب کی تمازت کی تاب نہ لاسکے۔ (سعدی)

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ
راست خواہی ہزار چشم چناں
کور بہتر کہ آفتاب سیاہ

چنانچہ آپ نے خدا تعالیٰ کی راہ راست سے بھٹکے ہوئے بندوں کو جو ہزاروں اور لاکھوں معبودوں کے سامنے سرنیاز خم کرتے تھے' ایک خدائے وحدہ لاشریک لہ' کی بندگی اور اطاعت اور اسی ایک کے سامنے پیشانی رکھنے اور سر جھکانے کا حکم فرمایا اور دنیا کی ساری بندگیوں اور اطاعتوں سے نجات دی' صحیح راہ دکھلائی۔

اور اس جاں بلب انسانیت کو نئی زندگی بخشی' اس سسکتی دنیا کے منہ میں پانی ڈالا' اور گمراہ لوگوں کو صحیح راستہ' صحیح یقین و ایمان' دین و دنیا کی صحیح رہنمائی خدا شناسی اور اور خدا ترسی' نیز خدا پرستی و خود اعتمادی عطا کی' اللہ تعالیٰ کی ہدایات و تعلیمات سے روشناس کرایا۔ نیا تمدن اور نیا معاشرہ عطا کیا۔ اور لوگوں کو محاسن و کمالات' محامد و پاکیزہ صفات' اخلاق و شمائل' معالی و فضائل کا مخزن و معدن بنادیا۔ اور جاہلیت و اسلام کے درمیان بعید فاصلہ اور مسافت مدید کو دیکھتے ہی دیکھتے جس سرعت کے ساتھ قطع کرایا اس کی نظیر نہیں ملتی ——— اگر آپ ﷺ چاہتے تو بڑے سردار اور حاکم' نیز دولت مند بن سکتے تھے' جیسا کہ اہل مکہ (زادھا اللہ شرفاً و عظمۃ) نے اس کی پیش کش بھی کی تھی۔ مگر آپ کو اس کے لئے مبعوث نہیں فرمایا گیا تھا' بلکہ آپ کی بعثت تو اس لئے ہوئی تھی تاکہ محرف و باطل مذاہب و ادیان کے طور و طریق' ناانصافیوں اور زیادتیوں سے نجات دلاکر عظیم دین و مذہب یعنی اسلام سے متمتع کرائیں۔ نیکی اور بھلائی کی ترغیب دیں' برائی سے منع فرمائیں' پاک و عمدہ چیزوں کو حلال اور گندی و ناپاک اشیاء کو حرام قرار دیں اور ان بندشوں اور بیڑیوں کو توڑ ڈالیں جن میں انسانوں نے اپنی نادانی اور کم فہمی سے یا مذاہب و حکومتوں کی زبردستی کی وجہ سے اپنے پاؤں جکڑ لئے تھے ——— ارشاد ربانی ہے:

یامرھم بالمعروف و ینھھم عن المنکر ویحل لھم الطیبات ویحرم علیھم الخبائث ویضع عنھم اصرھم والاغلال التی کانت علیھم○ (الاعراف ۱۵۷)

ترجمہ: وہ ان کو نیک باتوں کا حکم فرماتے ہیں اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور پاکیزہ چیزوں کو ان کے لئے حلال بتاتے ہیں' اور گندی چیزوں کو ان پر حرام فرماتے ہیں اور ان لوگوں پر جو بوجھ اور طوق تھے ان کو دور کرتے ہیں۔ (مترجم حضرت تھانویؒ)

نیز آپ کو تو اس لئے بھیجا گیا تھا کہ آپ ﷺ ان لوگوں کو جو پہلے شرک و جاہلیت کے میل کچیل میں ملوث تھے اللہ تعالیٰ کی آیات پڑھ پڑھ کر سنائیں' ان کو اس میل و کچیل' عقائد باطلہ اور اخلاق ذمیمہ سے پاک و صاف کریں اور ان کو علم و دانش مندی سے روشناس کرائیں۔ ارشاد ہے:

لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیھم رسولاً من انفسھم یتلوا علیھم ایتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین۔ (آل عمران ۱۶۴)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے احسان کیا ایمان والوں پر جو بھیجا ان میں رسول ان ہی میں کا پڑھتا ان پر آیتیں اس کی اور پاک کرتا ہے ان کو یعنی شرک وغیرہ سے اور سکھلاتا ہے ان کو کتاب اور کام کی بات اور وہ تو

پہلے سے صریح گمراہی میں تھے۔

(مترجم حضرت شیخ الہندؒ)

خلاصہ یہ کہ اس آیت میں حضور ﷺ کی چار شانیں بیان کی گئی ہیں۔

۱۔۔۔ کتاب اللہ کی آیات پڑھ کر سنانا۔

۲۔۔۔ تزکیہ نفوس' یعنی نفسانی آلائشوں اور تمام مراتب شرک و معصیت سے ان کو پاک کرنا اور دلوں کو مانجھ کر صیقل بنانا۔

۳۔۔۔ تعلیم کتاب' یعنی کتاب اللہ کی مراد بتلانا۔

۴۔۔۔ تعلیم حکمت (حکمت کی گہری باتیں سکھلانا) یعنی قرآن کریم کے غامض اسرار و لطائف اور شریعت کی دقیق و عمیق علل پر مطلع کرنا" خواہ تصریحاً" ہو یا اشارۃً"۔ آپ نے خدا کی توفیق و اعانت سے علم و عمل کے ان اعلیٰ مراتب پر اس درماندہ قوم کو فائز کیا جو صدیوں سے انتہائی جہل و حیرت اور صریح گمراہی میں غرق تھی۔ آپ کی چند روزہ تعلیم و تربیت سے وہ ساری دنیا کے لئے ہادی و معلم بن گئے (فوائد عثمانی۔ مختصراً")

غرضیکہ آپ چوں کہ داعی الی اللہ اور سراج منیر تھے' اس لئے آپ نے لوگوں کو سب سے پہلے خدائے ذوالجلال پر ایمان لانے کی دعوت دی' اور معبودان باطلہ کے انکار' نیز طاغوت کی نافرمانی کی تلقین و ہدایت فرمائی' اور ان کے مابین زور سے اور علی الاعلان آپ نے فرمایا: "ایھا الناس قولوا لا الہ الا اللہ تفلحوا" اے لوگو! کہو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی چیز لائق پرستش نہیں' کامیاب ہو جاؤ گے۔

(البدایہ والنہایہ ص ۱۴۱ ج ۳ بیروت)

آپ کی اس دعوت اور درد بھرے اعلان سے جاہلیت تلملا اٹھی' اس پر لرزہ طاری ہو گیا' اس کے گڑھاؤ میں ابال پیدا ہوا' اور جاہلیت کے سورما معرکہ کے لئے کیل' کانٹوں سے لیس ہو کر میدان میں اتر آئے ۔۔۔۔۔ ارشاد ربانی ہے:

"وعجبوا ان جاء ھم منذر منھم وقال الکافرون ھذا سحر کذاب اجعل الالھۃ الھا واحدا ان ھذا لشئی عجاب ۔ وانطلق الملاء منھم ان امشوا واصبروا علی الھتکم ان ھذا لشئی یراد ۔ ما سمعنا بھذا فی الملۃ الاخرۃ ان ھذا الا اختلاق ءانزل علیہ الذکر من بیننا

(سورہ ص ۴ تا ۸)

ترجمہ: اور تعجب کرنے لگے اس بات پر کہ آیا ان کے پاس ایک ڈر سنانے والا انہی میں سے اور کہنے لگے منکر' یہ جادوگر ہے جھوٹا' کیا اس نے کر دی اتنوں کی بندگی کے بدلے ایک ہی کی بندگی۔ یہ بھی ہے بڑے تعجب کی بات' اور چل کھڑے ہوئے' کئی پنچ ان میں سے کہ چلو اور قائم رہو اپنے معبودوں پر بے شک اس بات میں کوئی غرض ہے' یہ نہیں سنا ہم نے اس پچھلے دین میں اور کچھ نہیں یہ بنائی ہوئی بات ہے۔ کیا اسی پر اتری نصیحت ہم سب میں سے۔

(مترجم حضرت شیخ الہندؒ)

یعنی آسمان سے ایک فرشتہ آتا تو خیر ایک بات تھی' ہم ہی میں سے ایک آدمی کھڑا ہو کر ہم کو ڈرانے دھمکانے لگے اور کہے کہ میں آسمان والے خدا کی طرف سے مرسل ہوں' یہ عجیب بات ہے اب بجز اس کے کیا کہا جائے کہ ایک جادوگر نے جھوٹا ڈھونگ بنا کر کھڑا کر دیا ہے ۔۔۔۔۔ اور مزید براں یہ کہ اتنے بے شمار دیوتاؤں کا دربار ختم کر کے صرف ایک خدا رہنے دیا' اس سے بڑھ کر تعجب کی بات کیا ہو گی کہ مختلف شعبوں اور محکموں کے جن خداؤں کی بندگی قرنوں اور صدیوں سے چلی آتی تھی وہ سب یک قلم موقوف کر دی جائے۔ روایات میں ہے کہ ایک مرتبہ سرداران قریش نے خواجہ ابوطالب سے آ کر حضرت کی شکایت کی کہ یہ ہمارے معبودوں کو برا بھلا کہتے ہیں' آپ ان کو سمجھایئے' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے چچا جان! میں صرف ان سے ایک کلمہ چاہتا ہوں جس کے بعد تمام عرب ان کا مطیع ہو جائے اور عجم ان کو جزیہ دینے لگے' انہوں نے خوش ہو کر کہا کہ ایک نہیں بلکہ دس کلمے ماننے کے لئے تیار ہیں۔ آپ نے فرمایا "لا الہ الا اللہ" یہ سنتے ہی وہ طیش میں بھر گئے اور کہنے لگے اتنے خداؤں کو ہٹا کر اکیلا ایک خدا' چلو جی! یہ اپنے منصوبہ سے کبھی باز نہ آئیں گے یہ تو ہمارے معبودوں کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑے ہوئے ہیں' ان کی انتھک کوششوں کے مقابلہ میں ہم کو بہت زیادہ صبر و استقلال کے ساتھ اپنے آبائی اور قدیم دین کی حفاظت کی ضرورت ہے۔ نیز کیا غضب ہے کہ سارے ملک میں ایک یہی اس منصب کے لئے رہ گئے تھے؟ اور کوئی بڑا رئیس اور مالدار نہ ملتا تھا' جس پر اللہ اپنا کلام نازل کرتا۔

(فوائد عثمانی ملخصاً)

چند شیر دل

اور بھی مخالفتوں کے سیلاب آئے مگر بہہ گئے' آندھیاں آئیں اور نکل گئیں مگر آپ نے اپنی جگہ سے ذرا جنبش نہ کی' اس بارے میں آپ کو ادنیٰ تذبذب بھی نہیں ہوا' بلکہ مسلسل توحید و رسالت' آخرت پر یقین کی دعوت بغیر لوچ و لچک اور بلا کم و کاست پورے شرح صدر کے ساتھ دیتے رہے' مصلحت اور مخالفتوں کی ادنیٰ رعایت بھی نہیں کی ۔۔۔۔۔ کہ قریش کے چند شیر دل جوان مرد بغیر کسی دنیاوی ترغیب اور لالچ کے آگے بڑھے اور انہوں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ' اسلام لانے اور اسی ایک بارگاہ ایزدی کے سامنے سر تسلیم خم کرنے' نیز اپنے بتوں کو چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا جب کہ اس وقت ایمان لانا اسی مرد جواں کا کام تھا جو موت سے خائف نہ ہو' اپنے اس عقیدہ اور یقین کے لئے سخت سے سخت تکالیف و مصائب برداشت کرنے اور انگاروں پر لوٹنے کے لئے آمادہ ہو' کفار و مشرکین کی ایذا رسانی اور ان کی مار پیٹ سہنے کے لئے تیار ہو' اور دنیا و مافیہا سے رشتہ و تعلق منقطع کر چکا ہو۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ کے اسلام لانے کے بعد ان کو مکہ میں ایک روز دشمنوں نے خصوصاً بدبخت عتبہ بن ربیعہ نے اس قدر مارا کہ چہرہ پر اتنا ورم آ گیا کہ

شناخت مشکل ہو گئی۔ بنو تیم ان کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر لے گئے یہاں تک کہ آپ کی موت میں ذرا شک نہ تھا' بے ہوش مگر ہوش آنے پر سب سے پہلے یہ بولے کہ "مافعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" (رسول اللہ ﷺ کا کیا حال ہے؟) لوگوں کو غصہ آیا کہ ایسی حالت میں بھی ان کو یاد کرتے ہیں' حالانکہ ان ہی کی وجہ سے یہ حال ہوا' مگر آپ برابر اصرار کرتے رہے چنانچہ ام جمیل بنت خطاب نے بتایا کہ بخیر و عافیت ہیں اور دارارقم میں ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ بخدا میں اس وقت تک کوئی چیز چکھ نہیں سکتا جب تک کہ آپ تک نہ پہنچ جاؤں' چنانچہ جب آمد و رفت موقوف ہوئی تو آپ تشریف لائے اور حضور کو دیکھ کر جان میں جان آئی۔ آپ کا دل بھی حضرت ابوبکر صدیق کی صورت دیکھ کر بہت زیادہ بھر آیا۔

(حیاۃ الصحابہ ص ۲۷۴ تا ۲۷۹ ج ۱۔ ملخصا والبدایۃ ص ۳۰ ج ۳ ملخصا)

حضرت عثمان بن عفان نے جب ایک خدائے وحدہ لاشریک لہ کی بندگی اختیار کرلی تو ان کو ان کے چچا حکم بن ابی العاص نے ایک مضبوط رسی سے باندھ دیا اور کہا کہ بخدا میں تجھ کو اس وقت تک نہیں چھوڑ سکتا جب تک تو اس نئے دین سے نہیں پھرے گا۔ مگر آپ نے بھی سختی سے کہا کہ بخدا میں اس دین کو کبھی نہیں چھوڑوں گا۔

(حیاۃ الصحابہ ج ۳۲۲ ج ۱)

حضرت بلال حبشی کو اسلام لانے کی وجہ سے لوہے کی زرہیں پہنا کر مکہ کی پتھریلی زمین پر' سخت دھوپ میں لٹا کر ایک بہت بڑا پتھر آپ کے سینے پر رکھ دیا جاتا' اور کبھی لڑکوں کے سپرد کر دیئے جاتے جو مکہ کی گلیوں میں آپ کو کھینچتے تھے مگر آپ کی مبارک زبان پر "احد احد" کی رٹ ہوتی تھی۔

(حیاۃ الصحابہ ص ۳۲۱ و ۳۲۸ ج ۱)

ام عمارہ حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کو تو اسی ایمان و اسلام کی وجہ سے شقی ازلی بدبخت ابوجہل نے شرمگاہ میں نیزہ مار کر شہید ہی کر دیا تھا۔ اور آپ اسلام کی سب سے پہلی شہید ہیں۔

(البدایۃ والنہایۃ ص ۵۹ ج ۳' حیاۃ الصحابہ ج ۳۳۰ ج ۱)

حضرت خباب بن الارت کو آگ پر لٹایا جاتا تھا اور وہ آگ آپ کی چربی سے پگھل پگھل کر بجھتی تھی۔

(حیاۃ الصحابہ ص ۳۲۳ ج ۱)

ان تمام دل دہلانے والی تکالیف کے باوجود ان کے پیروں میں جنبش نہیں آئی' اس لئے کہ وہ اپنے برے اخلاق' بری معاشرت' غلیظ مذہب اور مسخ شدہ زندگی سے تنگ آکر اس عظیم و عزیز مذہب میں داخل ہوئے تھے۔ اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد مبارک سنا تھا کہ:

ام حسبتم ان تدخلوا الجنة ولما یاتیکم مثل الذین خلوا من قبلکم مستهم الباساء والضراء وزلزلوا حتی یقول الرسول والذین امنوا معه متی نصر الله ○ الا ان نصر الله قریب

(البقرہ ۲۱۴)

ترجمہ: کیا تم کو یہ خیال ہے کہ جنت میں چلے جاؤ گے حالانکہ تم پر نہیں گزرے حالات ان لوگوں جیسے جو ہو چکے تم سے پہلے کہ پہنچی ان کو سختی اور تکلیف اور جھڑجھڑائے گئے یہاں تک کہ کہنے لگا رسول اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے' کب آوے گی اللہ کی مدد۔ سن رکھو' اللہ کی مدد قریب ہے۔

(ترجمہ حضرت شیخ الہند)

